سبق - 7

عقائد اللہ نے اپنے نیک بندوں کے لیے جنت تیار کی ہے جس میں ان کو ہر قسم کی نعمتیں ملیں گی، اس لیے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی فرماں برداری کی۔

حدیث رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اچھی بات کہنا بھی ایک صدقہ (نیکی) ہے اور ہر قدم جو نماز کے لیے اٹھتا ہے وہ بھی صدقہ (نیکی) ہے اور اگر کوئی راستے سے کسی تکلیف دینے والی چیز کو ہٹا دے تو وہ بھی ایک صدقہ (نیکی) ہے۔(بخاری: 2989)

دعا رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِىْ صَغِيْرًا (اسراء: 24)

سیرت رسول ﷺ ایک حدیث میں یہ آتا ہے کہ پیارے نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا: راستہ سے تکلیف دینے والی چیز کو ہٹانا بھی ایمان کا ایک حصہ ہے۔

ذرا سوچیے! پیارے رسول ﷺ کی سنتوں کی اتباع کرنے میں ہمارا دنیا میں بھی کتنا فائدہ ہے اور آخرت میں بھی کتنا فائدہ ہے۔

اخلاق وآداب جب گھر کے باہر رہیں تو ان باتوں کا خیال رکھیں:

1. دائیں اور بائیں دیکھ کر راستہ کراس کریں
2. پتھروں کو ٹھوکر نہ ماریں
3. بس، آٹو وغیرہ سے ہاتھ اور سر باہر نہ نکالیں
4. راستہ پر اس طرح چلیں کہ آنے جانے والوں کو تکلیف نہ ہو، جیسے راستہ پر کچرا وغیرہ پھینکنا

www.understandquran.com